سوال

(657)کپڑاایک ہاتھ لمبا کرنے کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عورت کا اپنا کپڑالمبا رکھنا مستحب ہے یا واجب؟ نیز کیا پاؤں میں لمبا موزہ پہن لینا ہی کافی ہوگاتاکہ پنڈلی کا کوئی حصہ ظاہر نہ ہو؟اور عورت اپنا کپڑاایک ہاتھ کس طرح لمبا کرے گی،ایک ہاتھ ٹخنے کے نیچے سے یا گھٹنے کے نیچے سے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ایک مسلم خاتون سے اپنے جسم کے تمام حصوں کو مردوں سے چھپانا مطلوب ہے،اسی لیے اسے اپنا کپڑاایک ہاتھ اپنے قدموں کو چھپانے کے لیے لٹکانا جائز ہے جبکہ مردوں کو ٹخنوں کے نیچے کپڑے لٹکانے سے منع کیا گیا ہے۔یہ اس بات کی دلیل ہے کہ عورت سے اپنا سارا جسم چھپانا مطلوب ہے۔اور اگر وہ کپڑے کے نیچے موزہ استعمال کرے گی تو یہ تو ستر پوشی میں انتہائی احتیاط کی قسم سے ہے،اور یہ ایک بہتر عمل ہے،اور یہ کپڑے کو لٹکانے کے ساتھ ہی ممکن ہے،جیسا کہ حدیث میں بھی آیا ہے۔(فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح العثیمین رحمۃ اللہ علیہ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

عورتوں کے لیے صرف

صفحہ نمبر 588

محدث فتویٰ